© rasailojaraid.com



# علامہ محمد اسحٰق بھٹیؒ

## اطہر نقوی

موت اک زندہ حقیقت ہے جہاں میں لکھے
زندگانی کو فسوں اور فسانہ کہیے

یہی ہوتا ہے سدا کار گہہ ہستی میں
موت کیا ہے اسے بس ایک بہانہ کہیے

اٹھ گئی آج زمانے سے وہ اک ذات عظیم
کہ جسے دانش و بینش کا خزانہ کہیے

زندگی جس کی جلالت سے ضیاء پاتی تھی
ہو گیا موت کا وہ آج نشانہ کہیے

سو گیا موت کی آغوش میں وہ مرد جلیل
علم و دانش کا ہوا دفن خزانہ کہیے

پیکر علم و شہنشاہ قلم تھا بھٹی
لوح دانش کا اسے نقش یگانہ کہیے

وہ مؤرخ کہ تھا اسلاف کا تاریخ نگار
اس کو تحقیق و تجسس کا دوانہ کہیے

عبقری عصر تھا وہ صاحب قرطاس و قلم
اس مؤرخ کو نہ کیوں فخر زمانہ کہیے

وہ کہ دریائے معارف تھا فلک رفعت تھا
بحر معنی کا نہ تھا کوئی گرانہ کہیے

ساتھ اس کے گئی سب علم و قلم کی دولت
ایسا نقصان ہے یہ جس کو دوگانہ کہیے



© rasailojaraid.com